ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
بااعتماد تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | بدھ 22 رجب 1447ھ 12 جنوری 2026ء، صفحات 08 | شمارہ 189
PTCL 081-2827345 | 081-2827344 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | رجسٹرڈ BC-m-1 | قیمت 35 روپے

# وفاق بلوچستان کی ترقی کیلئے تعاون کرنا ہے، مخلوط حکومت میڈھائی سال معاہدے کا کوئی ذکر نہیں، سرفراز

بلوچستان میں مخصوص گروہ حالات خراب کرنے کے درپے ہیں، قومی شاہراہ پر چند منٹ کیلئے آرکیڈیو بنا کر وائرل کرتے ہیں، ایسے گروہوں کو حالات خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے

دہشتگردوں کے ناپاک عزائم حکومتی رٹ سے ناکام بنادیئے ہیں، بندتعلیمی اداروں کو بحال کرنے کیلئے اساتذہ کو عارضی بنیادوں پر بھرتی کیا گیا، صوبے میں بند بل ایچ او کو بھی فعال کردیا

ہر الیکشن کے بعد دھاندلی کا الزام لگایا جاتا ہے جو حقائق کے منافی ہے، بلوچستان میں مذہبی جماعتیں اور قوم پرست آپس میں اختلافات کی بنیاد پر تقسیم ہوئے اور اب ایک دوسرے پر الزامات لگاتے ہیں

بلوچستان کے حالات بہتر بنانے اور ترقی عمل کو جاری رکھنے کیلئے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اہم کردار ادا کیا ہے، جس پر ہم شکریہ ادا کرتے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کی ٹی ٹی وی سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں ایک مخصوص گروہ حالات خراب کرنے کے درپے ہے، جن کی اجازت نہیں دیں گے بلکہ ان کا ہر ناپاک کوشش و حکومتی رٹ سے ناکام بنادیا ہے، گروہ قومی شاہراہ پر چند منٹ کیلئے آرکیڈیو بنا کر وائرل کرتے ہیں، بند تعلیمی اداروں کو بحال کرنے کیلئے اساتذہ کو عارضی بنیادوں پر بھرتی کیا گیا اسی طرح بند بل ایچ او کو بھی فعال کیا تاکہ حکومت میں ڈھائی سال معاہدے کا کوئی ذکر نہیں ہے بلوچستان کی حالات بہتر بنانے اور ترقی عمل کو جاری رکھنے میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کا اہم کردار ادا کیا ہے، جس پر ہم شکریہ ادا کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک ٹی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ترقی میں وفاقی حکومت کا مکمل سپورٹ حاصل ہے بلوچستان میں بیوروکریسی میں مخصوص گروہ کا کافی رسوخ ہے اس سے ناکامی نہیں اور حکومت کا ناکام پالیسیوں کا تجزیہ کرنا ضرورت رہی جن الزامات سے ہم کے رپورٹ کی مطابق صوبہ میں سردار اور قوائی تقاضوں کا ہر رپورٹ ہے الیکشن میں دھاندلی کے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہر الیکشن کے بعد ہر الزام لگایا جاتا ہے جبکہ حقائق سے ان باتوں کا کوئی تعلق ..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر بلوچستان جوانجا بلوچ اور میر لعل کرمتی سے آغازے ٹیم شرکا سے بات چیت کررہی ہیں

# پاکستان کو خطے میں آئی ٹی کا مرکز بنانے کیلئے کوشاں ہیں، وزیراعظم

ارفع کریم کے والدین کی جانب سے انکے نام پر فاؤنڈیشن کا قیام خوش آئند ہے، حکومتی سطح پر ہر ممکن مدد یقینی بنائی جائیگی

پاکستانی نوجوانوں کو عالمی معیار کی آئی ٹی تعلیم و تربیت فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے آئی ٹی ماہر ارفع کریم کے والدین کی جانب سے انکے نام پر فاؤنڈیشن کے قیام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتی سطح پر ہر ممکن مدد یقینی بنائی جائے گی اور حکومت پاکستان کو ٹیلے میں آئی ٹی کا مرکز بنانے کے لیے دن رات کوشاں ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے آئی ٹی ماہر مرحومہ ارفع کریم رندھاوا کے والدین ضمینہ احمد، احمد کریم رندھاوا اور ..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی جلسے سے خطاب کررہے ہیں

# خیبرپختونخوا سی ٹی ڈی کی جرم و دہشت گردی کارروائی، 11 دہشتگرد ہلاک

دو ساتھی فرار، تلاش جاری، ہلاک دہشتگردوں سے اسلحہ و بارود برآمد، کارروائی خفیہ اطلاع پر خیبر کے علاقے میں عمل کی گئی

ہلاک دہشت گرد فتنہ الخوارج کے سرگرم ارکان، فورسز پر حملوں سمیت قتل، بھتہ خوری اور دیگر واقعات میں ملوث تھے، سی ٹی ڈی

بنوں (پ ر) خیبرپختونخوا کے محکمہ انسداد دہشتگردی (سی ٹی ڈی) نے ضلع بنوں کے علاقے تمرود میں کارروائی کے دوران 6 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ سی ٹی ڈی کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سی ٹی ڈی نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ضلع خیبر کے علاقے تمرود میں شاہ کس بائی پاس روڈ پر واقع ناکے پر مبینہ فتنہ الخوارج کی شمولیل کو نشانہ بنایا جس میں 6 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ بیان میں کہا گیا کہ دہشت گردوں کے دوساتھی پہاڑی علاقے میں فرار ہوگئے جن کی تلاش جاری ہے۔ سی ٹی ڈی کے مطابق ہلاک دہشت گرد فتنہ الخوارج کے سرگرم ارکان تھے، جنہوں نے سرحد پر حملوں سمیت قتل، اقدام قتل، بھتہ خوری اور دیگر دہشت گردی کے واقعات میں ملوث رہے ہیں۔ بیان میں بتایا گیا کہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے متعدد کلاشنکوف اور بارود برآمد ہوا ہے۔ سی ٹی ڈی نے بیان میں بتایا کہ آئی جی خیبر پختونخوا، ایس اور ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی نے کامیابی ..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

سوماٹی شیر بلوچستان جوانجا بلوچ اور میر لعل کرمتی سے آغازے ٹیم شرکا سے بات چیت کررہی ہیں

# مظاہروں میں 192 افراد جاں بحق ہوئے، ایران، ہیومن رائٹس احتجاج کرنیوالا شخص دشمن خدا ہے، ایرانی ٹاڈنی جنرل قتل عام کیا گیا تو کارروائی کرینگے، ٹرمپ

# ایران پر حملہ ہوا تو مشرق وسطیٰ میں امریکی اڈوں کو نشانہ بنائینگے، مسعود پزشکیان

فسادیوں کو ایران میں انتشار پھیلانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، ایرانی عوام فسادیوں سے خود کو دور رکھیں، امریکا اور اسرائیل ایران میں بدامنی پھیلا رہے ہیں

ایرانی عوام کے دشمنوں نے ملک کے اندر اور باہر لوگوں کے ایک گروپ کو تربیت دی ہے تاکہ وہ سرکاری و نجی املاک کو تباہ اور شہریوں کو قتل کریں، ایرانی صدر

انسانی حقوق تنظیموں نے ایران میں قتل عام کا خدشہ ظاہر کردیا، سینکڑوں ہلاکتوں کا اندیشہ، حکومت مخالف تحریک سپریم لیڈر خامنہ ای کے لیے بڑا چیلنج بن گئی ہے

ٹرمپ انتظامیہ فوجی کارروائی پر سنجیدگی سے غور کررہی ہے، امریکی اخبار کا دعویٰ، صدر ٹرمپ کو ایران پر فوجی حملوں کے مختلف آپشنز پر بریفنگ دی جا چکی ہے، رپورٹ

تہران، اوسلو (ایٹرنگ ڈیک) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے ملک کے اندر جاری ہنگامہ آرائی اور احتجاج پر عوام ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت مخالف مظاہروں کے دوران کم از کم 192 مظاہرین کے ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

# اوآئی سی نے صومالی لینڈ تسلیم کرنے کا اسرائیلی اقدام مسترد کردیا

اسرائیلی اقدام عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے، سیکرٹری جنرل او آئی

صومالیہ کی اقوام متحدہ کی تسلیم شدہ سرحدوں کی حمایت کرتے ہیں، فلسطینی وزیر خارجہ

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری جنرل او آئی سی نے کہا کہ صومالیہ کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی حمایت کرتے ہیں، صومالی لینڈ متحقق اسرائیلی ..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

جدہ (م ذ) اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) نے صومالی لینڈ کو تسلیم کرنے کے تنہا نہاد اسرائیلی اقدام کو مسترد کردیا، تفصیلات کے مطابق صومالی لینڈ تنازع پر او آئی سی وزیر خارجہ کے بیانکی

# اسلام آباد شادی والے گھر میں سلنڈر دھماکہ، دولہا بہن سمیت 8 افراد جاں بحق

دھماکے کے نتیجے میں متعدد گھر متاثر ہوئے، 11 افراد زخمی، فوت ہونے والے تمام افراد کی شناخت ہو چکی ہے

تحقیقات کا آغاز کردیا گیا، جمعی طور پر 4 گھر متاثر ہوئے، تمام افراد کو ملبے سے نکال لیا گیا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق خود موقع پر موجود رہے، چاری ریسکیو آپریشن کی براہ راست نگرانی کرتے رہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے سیکٹر جی بیون نو میں شادی والے گھر میں سلنڈر دھماکے کے نتیجے میں دلہا اور دلہن سمیت 8 افراد جاں بحق اور نو افراد زخمی ہو گئے، گھر میں شادی کی تقریب جاری تھی سلنڈر دھماکا ہوگیا، دھماکا ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

66 گھروں کو نقصان پہنچا، جس سے 4 گھر بھی متاثر ہوئے ہیں۔ اتوار کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کے مطابق جس سلنڈر کے دھماکے کے نتیجے میں متعدد گھر متاثر ہوئے، گھروں سے مجموعی طور پر 16 افراد کو باہر نکالا گیا، ریسکیو کے مطابق 16 افراد میں سے 8 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کے سلنڈر دھماکے کی وجہ سے 9 زخمی افراد کو فوری ..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

# تیسرا ٹی ٹوئنٹی: سری لنکا نے پاکستان کو ہرا کر سیریز برابر کردی

سری لنکا نے پہلے کھیلتے ہوئے 6 وکٹوں کے نقصان پر 160 رنز بنائے

فیصلہ کن میچ بارش کے باعث تاخیر کا شکار ہوا، میچ 12 اوور تک محدود کیا گیا

دمبولا (م ذ) ٹی ٹوئنٹی سیریز کے آخری میچ میں سری لنکا نے پاکستان کو 14 رنز سے ہرا دیا، دمبولا میں کھیلا گیا سیریز کا آخری اور فیصلہ کن میچ بارش کے باعث تاخیر کا شکار ہوا اور میچ 12 اوور تک محدود کردیا گیا، پاکستان نے ٹاس جیت کر میزبان سری لنکا کے خلاف فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ سری لنکا نے پہلے کھیلتے ہوئے 6 وکٹوں کے نقصان پر 160 رنز بنائے۔ سری لنکا کی جانب سے پتھان دسن شاکا نے 34، کوشال مینڈس نے 30 رنز بنائے۔ جنتھ لیانگے اور لاہیارو کی سلوانا نے 22-22 رنز اسکور کیے۔ پاکستان کی جانب سے وہیم یونیس نے 3، محمد نواز ..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود اچکزئی، معاصم سرمایاں و دیگر رہنما اجلاس میں شریک ہیں

# سلامتی کمیٹی کا اجلاس آج ہوگی

گزشتہ روز ملاقات طے ہی نہیں تھی، اسلئے منوخ ہونیکا سوال ہی نہیں، ناصر حسین شاہ

کراچی (پ ر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور ..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

# پولیس نے باغ جناح پر دھاوا بول کر کارکنوں کو منتشر کیا

کئی افراد کو حراست میں لیا گیا، جلسے کا سامان بھی پھینک دیا، صدر بی ٹی آئی

کراچی (پ ر) صوبائی دارالحکومت ..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

# مراد علی شاہ، سہیل آفریدی کے درمیان ملاقات آج ہوگی

کراچی (پ ر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور ..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

# عالمی مارکیٹ میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں نمایاں کمی

12 اور 74 سینٹ کی کمی کے بعد پٹرول کی قیمت فی بیرل 66.54 ڈالر ہوگئی

اسلام آباد (پ ر) عالمی مارکیٹ میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں نمایاں کمی ہوگئی۔ عالمی منڈی میں پٹرول کی فی بیرل قیمت میں 12 ڈالر 74 سینٹ کی کمی ہوگئی، پٹرول کی فی بیرل قیمت ..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

# بی وائی سی فتنہ الہندوستان کیلئے بھرتی معاشرتی رسائی کا منظم نیٹ ورک

بلوچستان میں دہشت گردوں کی سپورٹ کیلئے این پراکسیز کے ذریعے منظم پروپیگنڈا مہم چلائی جاتی ہے

بلوچ یکجہتی کمیٹی کے ممبران نے ہسپتالوں سے ہلاک دہشت گردوں کی لاشیں زبردستی تحویل میں لینے کی کوشش کی

بی وائی سی کی بین الاقوامی سطح خصوصاً یورپ میں پروپیگنڈا تشہیر بیرونی سرپرستی اور منظم حکمت عملی کا نتیجہ ہے، ماہرین

کراچی (پ ر) بلوچستان میں دہشت گردوں کی سپورٹ کیلئے این پراکسیز کے ذریعے منظم پروپیگنڈا مہم چلائی جاتی ہے بلوچ یکجہتی کمیٹی (بی وائی سی) کے ممبران پر چند منٹوں پر خصوصی فتنہ الہندوستان کے بلیک سائٹ کیمپ کے طور پر کام کر رہی ہے، بی وائی ..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

# سوڈان سے دفاعی معاہدہ ہونے جارہا ہے، خالد چشتی

لیبیا نے پاکستان سے اپنی فضائیہ کو ازسرنو ترتیب دینے کی درخواست کی ہے

اسلام آباد (پ ر) وفاقی وزیر کارپوریٹ ریگولیٹری اتھارٹی خالد چشتی نے کہا ہے کہ میں سوڈان سے ہمارا دفاعی معاہدہ ہونے ..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

# اسحاق ڈار کی مصری، مالدیپ کے وزرائے خارجہ سے ملاقات

دو طرفہ تعاون سمیت مختلف امور میں تعاون بڑھانے پر بات چیت کی گئی

جدہ (م ذ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے مصری، مالدیپ کے ہم منصب سے ملاقات کی ..... آذربائیجان کے نائب وزیر خارجہ انجین اور بنگلہ دیش کے سفیر ..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ایئرپورٹ سیکیورٹی کے سامنے کالعدم تحریک لبیک کے کارکنوں کی کاوش میں رشتہ دار دولہا اور دلہن کے ساتھیوں کے سامنے روبرو ہیں

# پاک بحریہ کے جہاز پورٹ سلطان قابوس پر لنگر انداز

پاکستان اور عمان کی مشترکہ بحری مشقیں، دو طرفہ تعاون کا عزم

عمان کے عسکری حکام اور شہریوں نے پاک بحریہ کے جہازوں کا دورہ کیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاک بحریہ کے جہازوں یارفورد، مدافکار اور پاکستان میری ٹائم سیکورٹی ایجنسی کے جہاز شمشیر نے پورٹ سلطان قابوس، مسقط، عمان کا دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق بندرگاہ پہنچنے پر عمانی حکام کی جانب سے جہازوں کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ دورے کے دوران مشن کمانڈر، کموڈور عاصم اقبال نے کمانڈر آفسرز کے ہمراہ ..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

# قوم محکومیت کیخلاف ڈٹ جائے، جبر خود ختم ہوجائیگا، سلمان اکرم راجہ

امریکا اور مڈل ایسٹ سے سرمایہ کاری اس لیے نہیں آرہی کیونکہ ملک میں قانون کی بالادستی قائم نہیں، سیکریٹری جنرل پی ٹی آئی

عوام کا معیار زندگی گرنے اور غربت میں اضافے کے اعداد و شمار حکومتی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہیں، کراچی میں پریس کانفرنس

کراچی (پ ر) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ جس دن قوم نے محکومیت کی زندگی قبول نہ کرنے کا فیصلہ کرلیا، یہ جبر خود بخود ختم ہو جائے گا۔ پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجا، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے معاشی ترجمان ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

# نوجوانوں سے ملکر ظالمانہ نظام بدلیں گے: حافظ نعیم الرحمان

دیوروں اور جاگیرداروں نے سندھ پر قبضہ کرلیا ہے، امیر جماعت اسلامی

کراچی (پ ر) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ نوجوانوں سے کرم نہ یہ ظالمانہ نظام تبدیل کریں گے۔ کراچی میں منعقد ..... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

# اسرائیلی قدامات دہشتگردی کیخلاف عالمی کوششوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں، دفتر خارجہ

پاکستان نے آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کو مشرق وسطیٰ میں امن کی واحد ضمانت قرار دیا ہے، ترجمان

پاکستان سلامتی کونسل میں فلسطینی کاز کے لیے عالمی حمایت متحرک رکھنے کے عزم پر قائم ہے، اسحاق ڈار

نائب وزیراعظم نے غزہ جنگ کے خاتمے اور مستقل جنگ بندی کیلئے پاکستان کے عزم اور کردار کا اعادہ کیا

اسلام آباد (شاکر رحمان) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے صومالی عوام اور سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف دی جانے والی قربانیوں کا ..... اسرائیل و امریکہ خوابوں کی دنیا میں رہ رہے ہیں، عباس عراقچی

مالیک پومپیو کا شرمناک بیان امریکی اور اسرائیلی عزائم ظاہر کرتا ہے

تہران (م ذ) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ حقیقت میں اسرائیل اور امریکا خوابوں کی دنیا میں رہ رہے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے ..... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

# وفاق سے حقوق نہیں مارے، امتیازی سلوک ہوا ہے، سہیل آفریدی

اختلاف مجھ سے نہیں صوبے کیساتھ ہے، پنجاب کی جعلی حکومت کا رویہ ہمارے دلوں پر نقش ہو چکا، وہاں جلسہ ہر حال میں ہوگا

این ایف سی کا شیئر جارحیں صوبوں میں تقسیم نہیں ہورہا، قبائلی اضلاع کو صرف انتظامی شیئر میں شامل کیا گیا، وزیراعلیٰ کے پی کے

پشاور (پ ر) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی ایک بار پھر پنجاب کے معاشی بیوفاق اور پنجاب حکومت کے رویے پر برس پڑے۔ میڈیا سے گفتگو میں سہیل آفریدی نے کہا کہ وفاق سے خیبر پختونخوا کے ..... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

# بھارت نے ایل این پر جاسوسی کے الزام میں کیوٹر پکڑ لیا

اسلام آباد (پ ر) بھارت نے لائن آف کنٹرول (ایل این) پر جاسوسی کے الزام میں کیوٹر پکڑ لیا۔ میڈیا سروس کے مطابق متنازعہ جموں کشمیر کے اکھنور سیکٹر کے قریب مقامی لڑکے نے مشتبہ کیوٹر پکڑا ..... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

# غیر اخلاقی ویڈیو میں ملوث خاتون کو حراست میں لے لیا گیا

لاہور (م ذ) سوشل میڈیا پر وائرل غیر اخلاقی ویڈیو میں ملوث خاتون کو حراست میں لے لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق سوشل میڈیا پر وائرل غیر اخلاقی ویڈیو میں ملوث خاتون کو گلزار آباد پولیس نے حراست ..... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

# کراچی والو، خان کے نمائندے کو مایوس نہیں کرنا، میر سٹر گوہر

سندھ حکومت آخری دن ہڑتال پیدا نہ کرے، براہ کرم اچھے ماحول کو چلنے دیں

کراچی (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ کراچی والو، خان کے نمائندے ..... اور وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو مایوس نہیں کرنا۔ بیرسٹر گوہر نے ..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

# خدشہ ہے کچھ علاقے پاکستان سے علیحدگی کا اعلان کردینگے، محسن نقوی

میں پانچ کو نہیں چار کو بڑا مانتا ہوں، چار بڑوں کی وجہ سے پانچواں بڑا آیا، خطہ بہت خطرناک جنگ کی طرف بڑھ رہا ہے

آئین جمہوری اور غیر جمہوری قوتوں نے توڑا، جو آدمی ایمان بیچتا ہے اس کو محب وطن کہا جاتا ہے، لاہور میں پریس کانفرنس

لاہور (پ ر) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود اچکزئی نے کہا ہے کہ خطے خدشہ ہے وہ چاہیے بعد پاکستان کے کچھ علاقے علیحدگی کا اعلان کردیں گے۔ لاہور میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے محمود اچکزئی کا کہنا تھا کہ میں پانچ بڑوں کو نہیں مانتا چار ..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

# مزار قائد پر حاضری کا وقت ختم، وزیراعلیٰ کے پی نہ پہنچ سکے

کراچی (پ ر) کراچی میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے مزار پر حاضری کا وقت ختم ہوگیا اور وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا وقت پر نہ پہنچ سکے۔ وزیراعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی کو مزار قائد پر حاضری ..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

# شام میں داعش کیخلاف بڑے پیمانے پر فضائی حملے کیے، امریکی فوج

واشنگٹن / دمشق (م ذ) امریکی فوج نے اعلان کیا ہے کہ اس نے شام میں داعش کے خلاف بڑے پیمانے پر فضائی حملے کیے ہیں۔ امریکی سینٹرل کمانڈ (جنٹ کام) کے مطابق یہ کارروائیاں داعش کے مختلف ٹھکانوں ..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

# سعودی قوانین کی خلاف ورزی، مزید 19 ہزار افراد گرفتار

گرفتار افراد اقامہ، لیبر اور سرحدی قوانین کی خلاف ورزیوں میں ملوث تھے

ریاض (م ذ) سعودی عرب میں ایک ہفتے کے دوران اقامہ، لیبر اور سرحدی قانون کی خلاف ورزیوں پر مزید 18 ہزار 836 افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔ یکم ..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

# مساجد و مدارس کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائیگا، مولانا فضل الرحمان

اسلام کی بقاء آسائشوں میں نہیں، آزمائشوں سے گزرنا پڑتا ہے، ہمارا کام اور مقصد بزدلوں کے نصب العین کو ہمیشہ زندہ رکھیں

جب سکھرن کی قوت باطلہ حرکت میں آتی ہے تو مشکل پیدا ہوتی ہے، اس کے مقابلے میں جو آواز کھڑی ہوگی وہی حق کی آواز ہوگی

لاہور (پ ر) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ مدارس کے تحفظ کو کسی سازش کا شکار نہیں ہونے دیں گے مساجد و مدارس ..... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

# برطانیہ و فرانس یورپ کو آگ میں دھکیلنا چاہتے ہیں، ہنگری

یورپی رہنماؤں کا جنگی جنون ہنگری کو خطرے میں ڈال رہا ہے، وزیر خارجہ

ہنگری (م ذ) ہنگری کے وزیر خارجہ پیٹر سیجارتو نے کہا ہے کہ برطانیہ اور فرانس یورپ کو آگ میں دھکیلنا چاہتے ہیں۔ ایک تقریب سے خطاب میں پیٹر سیجارتو نے ..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

# پی ٹی اے نے جعلی کالز اور ایوان این نمبروں سے سارفین کو خبردار کردیا

اسلام آباد (پ ر) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے جعلی کالز اور ایوان این نمبروں سے سارفین کو خبردار کردیا۔ پی ٹی اے کی جانب سے جاری کردہ ویڈیو پیغام میں کہا گیا ہے کہ اسکیم ٹرائے کی ..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

# عمران خان سانحہ 9 مئی کے براہ راست ذمہ دار ہیں، اکبر ایس بابر

بانی اسٹیبلشمنٹ سے بات چیت کے ذریعے مقدمات کا خاتمہ چاہتے ہیں، انٹرویو

لاہور (پ ر) پاکستان تحریک انصاف کے بانی رہنما اکبر ایس بابر نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کو سانحہ 9 مئی کا براہ راست ذمہ دار قرار دیتے ہوئے انہیں ..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی چیئرمین سینیٹ سید سلیم احمد، ایک ایک ٹاپ، روڈ اور سائیڈ ڈرین سیوریج کے کام کے حوالے سے بریفنگ دی جارہی ہے

# برطانیہ میں پاکستانی نژاد ڈاکٹر کی موت کی بنی قرار، پاکستانی

ڈی این اے ٹیسٹ کیلئے نمونے حاصل کرلئے، ٹیسٹ رپورٹ آنے کے بعد معلوم ہوگا بچہ نظام الدین کا ہے یا نہیں

والدہ کے خون کے نمونے بھی حاصل کرلئے گئے، بچوں کی تبدیلی اور موت کی وجوہات معلوم کی جائینگی، پولیس حکام

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نمری سے بچوں کی تبدیلی اور بچے کی موت کی وجہ معلوم کرنے کیلئے کوئٹہ پولیس کی ..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

# ایران کے خطے میں اثر و رسوخ کو ختم کرنا ہے، اسرائیلی وزیر

ایران کے خطے میں اثر و رسوخ کو ختم کرنا ہے، اسرائیلی وزیر

# ایران میں 192 افراد ہلاک، 2 ہزار زخمی

ایران میں 192 افراد ہلاک، 2 ہزار زخمی

# ایران میں 192 افراد ہلاک، 2 ہزار زخمی

ایران میں 192 افراد ہلاک، 2 ہزار زخمی



ایرانی عوام شاہ ایران کے دور کے پرچم اٹھا کر احتجاج کر رہے ہیں دوسری جانب مشہد میں ہزاروں افراد حکومت کے خلاف مارچ کر رہے ہیں

# شدید سردی میں گیس کی عدم فراہمی عوام کیساتھ سراسر ناانصافی ہے، رمضان

ہزارہ ڈاؤن میں گیس کی بندش کیخلاف احتجاج

مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں کا اعلان کیا گیا

عوام کو ریلیف دینا ہوگا، عمر ایوب

عملدار روڈ، ہزارہ ٹاؤن میں پرنٹر کی کمی کیخلاف بروز بدھ 11 بجے گیس کمپنی کے دفتر کے سامنے دھرنا دیا جائے گا، عوام گیس پرنٹر کی کمی کے خلاف پرامن احتجاج میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں، رکن سینٹرل کمیٹی پیٹنٹ پارٹی

کوئٹہ (آن این آئی) پیٹنٹ پارٹی عملدار روڈ اور ہزارہ ٹاؤن میں گیس پریشر کی شدید کمی اور سوئی گیس کی بندش کے خلاف پرامن احتجاج دھرنے کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ پیٹنٹ پارٹی کے رہنماؤں کے مطابق یہ احتجاج بدھ 14 جنوری 2026 کو صبح 11 بجے سوئی گیس آفس، سمنگلی روڈ کے سامنے منعقد کیا جائے گا۔ دھرنے کا مقصد عوام کو کوئٹہ (آن این آئی) پیٹنٹ پارٹی کے رہنما کوثر (ر) کا کہنا ہے کہ عوام اپنے گھریلو استعمال کیلئے گیس پریشر کی کمی کا شکار ہیں، پارٹی رہنماؤں نے کہا کہ شدید سردی میں گیس کی عدم فراہمی عوام کیساتھ سراسر ناانصافی ہے، جبکہ سوئی گیس کمپنی اور نااہل صوبائی حکومت اور بلدیاتی منتظمین کے عمل میں مکمل غیر ذمہ داری کا مظاہرہ ہو رہا ہے۔ اس احتجاجی دھرنے کی قیادت مسپر سینٹرل کمیٹی پیٹنٹ پارٹی محمد رمضان ہزارہ کریں گے، جبکہ پارٹی کے دیگر سینئر رہنما اور کوئٹہ میں پیٹنٹ پارٹی کے رہنما اور کارکنان بھی بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ پیٹنٹ پارٹی نے علمدار روڈ اور ہزارہ ٹاؤن کے علاقے میں گیس پریشر بھیجنے کیلئے سنگلے کی جانب مکانوں کی چھت پر پائپ بچھانے کا اعلان کیا ہے، پیٹنٹ پارٹی کے رہنماؤں کے مطابق یہ اقدام عوام کو درپیش گیس کی شدید کمی کے باعث کیا گیا ہے۔ پارٹی قیادت نے واضح کیا کہ عوام کو ریلیف دینا ہوگا، اور ہزارہ ٹاؤن کے علاقے میں گیس پریشر بھیجنے کیلئے پائپ بچھانے کا اعلان کیا گیا ہے، پارٹی قیادت نے کہا کہ اس سہولت سے صرف عوام کو وقت کی بچت ہوگی، جبکہ پارٹی کے کارکن مشکل وقت میں عوام کی خدمت کرتے رہیں گے، پیٹنٹ پارٹی کے رہنماؤں کا کہنا ہے کہ پیٹنٹ پارٹی کے کارکن اپنے علاقوں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ

## ٹریفک پولیس کی بروقت کارروائی، شہری کا گمشدہ سامان برآمد

کوئٹہ (این ایس) کراشڈ وزیر ٹریفک پولیس کوئیٹ شیری نے اطلاع دی کہ ایک کراشڈ ڈائیور اس کو تقریباً 46 ہزار روپے مالیت کا سامان لے کر بھاگ گیا ہے۔ اطلاع ملتے ہی معاملہ کنٹرول ٹریفک پولیس کوئٹہ کو دلایا گیا، جس پر ٹریفک پولیس کے فوری کارروائی کا آغاز کیا۔ ٹریفک پولیس کی مدد اور بروقت کاوشوں کے نتیجے میں صرف 20 منٹ کے اندر، شام 5:40 بجے متعلقہ رکشہ تھانہ کینٹ کیا اور اسے کنٹرول کے حوالے کر دیا گیا۔ رکشہ ڈرائیور نے اطلاع کو شہری کا سامان اس کے گھر موجود ہے۔ ٹریفک پولیس کا کہنا ہے

لاہور: جامعہ اشرفیہ میں دستار بندی کی تقریب میں طلبا کثیر تعداد میں شریک ہیں

## بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی افواج پاکستان کی قربانیاں ناقابل فراموش میاں خالد بگٹی

فوانج پاکستان وایف بلوچستان کی کامیاب حکمت عملی، 2025 میں 45 کامیاب گرینڈ جرگوں پر دلی مبارک باد پیش کرتے ہے

سوئی ڈیرہ بگٹی لیزی سیمت دیگر علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل کی فراہمی ضروری ہے بات چیت

(بی ایس این) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے پٹرولیم و انرجی پاکستان سٹیم لیک پٹ کے مرکزی نمائندہ ڈیرہ میاں خان ٹھٹی نے کہا ہے افواج پاکستان وایف بلوچستان کی کامیاب حکمت عملی 2025 میں کامیاب گرینڈ جرگوں پر دلی مبارک باد پیش کرتے ہے سی ڈی ایس سیمت بلوچستان بھر میں امن ترقی خوشحالی کے لیے 2026 میں ترقی اور خوشحالی کے دشمنوں کو شکست سے دوچار کرنا ہے خوشحالی کے لیے گرینڈ جرگوں کو مسلسل امن ترقی خوشحالی کے دشمنوں کو شکست سے دوچار کرنا ہے بلوچستان سیمت بھی بلوچ افواج پاکستان ایف بلوچستان حاصل نہیں ہوا افواج پاکستان ایف بلوچستان کی عوام دوست حکمت عملی سے علاقائی مسائل کا خاتمہ ہوگیا ہے آئی جی ایف بلوچستان کا دشمن کو حوام کیلئے پیش کرتے ہیں قوم امن کے لیے افواج پاکستان کی قربانیاں کی صورت ریکارڈ کیں جانے ہیں کہ ان خطاب کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن کے کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پاکستان مسلم لیگ نیپر وگ کے

## بی بی پاس پروا تھ بابوٹل میں مبینہ لوٹ مار، مسافروں کا شدید احتجاج

چالیے 100 روپے ہیں مبنی رشیں اور ٹرانسپورٹ مافیا نے گڈز انتظامیہ سے فوری کارروائی کا مطالبہ

(بی ایوین اے) بی بی پاس پر واقع بابوٹل ریسٹ ریٹورنٹ کے خلاف عوامی حلقوں اور مسافروں نے شدید شکایات درج کروائی ہیں کہ یہاں انتظامیہ غریب اور سادہ لوح مسافروں کو لوٹنے میں مصروف ہے۔ شکایات کے مطابق ہوٹل میں کھانے پینے کی اشیاء مارکیٹ سے کہیں زیادہ مہنگے داموں فروخت کی جا رہی ہیں، جبکہ ناہجار مسافروں کو یہ سب کچھ مجبوراً خریدنا پڑ رہا ہے۔ مسافروں کے مطابق ہوٹل میں کھانے پینے کی اشیاء کی قیمتیں مارکیٹ سے کہیں زیادہ مہنگے داموں فروخت کی جا رہی ہیں، جبکہ ناہجار مسافروں کو یہ سب کچھ مجبوراً خریدنا پڑ رہا ہے۔ شکایات کے مطابق ہوٹل میں کھانے پینے کی اشیاء کی قیمتیں مارکیٹ سے کہیں زیادہ مہنگے داموں فروخت کی جا رہی ہیں، جبکہ ناہجار مسافروں کو یہ سب کچھ مجبوراً خریدنا پڑ رہا ہے۔ مسافروں کا کہنا ہے کہ ہوٹل کی انتظامیہ کی جانب سے مسافروں کو مفت کھانا دیا جاتا اور سہولیات فراہم کی جاتی ہیں، تاکہ وہ مسافروں کو زیادہ اسی ہوٹل پر روکیں، جبکہ اس کا مال بوجھ دیگر چیزوں کی صورت میں غریب مسافروں پر ڈالا جاتا ہے۔ عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ سے اس پر سخت کنٹول کی مطالبہ کیا ہے کہ بابا بوٹل پر فوری چھاپہ مار کر نرخ نامہ چیک کیا جائے

## نوابزادہ میرشاہ دین کی کوششوں سے شاہوانی اقوام میں جنگ بندی

شاہوانی قبیلے کے دو گروہوں کے درمیان 20 جنوری 2026 تک جنگ بندی رہے گی

دشت (این ایس) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور قومی شخصیت نوابزادہ میرشاہ دین خان شاہوانی کی خصوصی کاوشوں اور بروقت مداخلت سے شاہوانی قبیلے کی دو ذیلی شاخوں کے گروہوں کے درمیان جاری کشیدگی کو ختم کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شاہوانی قبیلے کے دو فریقین، حاجی قادر بخش شاہوانی و نوبزادہ میرشاہ دین خان شاہوانی کے درمیان حالیہ تنازعے کے نتیجے میں دونوں طرف سے 4 افراد

## ورکر بلوچستان مسلم لیگ ن کا قلعہ بنانے میں صلاحیتیں بروئے کار لائیں، جمال شاہ

مسلم لیگ (ن) ترقی کی راہ پر گامزن، وزیراعظم میاں شہباز شریف کے دورہ کوئٹہ کے نتائج دوررس برآمد ہوئے، صوبائی جنرل سیکرٹری

ان لیگ ہی وہ واحد جماعت جو عوام کا دکھ درد سمجھتی ہے، کرنل فوج اسمبلی کی ایڈووکیٹ فریحہ اللہ خان کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو

(بی ایوین اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی سید جمال شاہ کاظمی نے کہا ہے کہ صوبے بھر کے کارکنان بلوچستان مسلم لیگ کا قلعہ بنانے میں اپنی صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔ پاکستان مسلم لیگ ن نے ہمیشہ بلوچستان کی ترقی کو عوام کی خوشحالی میں ثبت رول پلے کیا اور وزیراعظم میاں شہباز شریف کے مرکزی صدر میاں محمود الرشید کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) دن بدن مقبول ہوتی جا رہی ہے موجودہ حالات میں وزیراعظم کا کوئٹہ دورہ ترقی خوشحالی اور بلوچستان کے عوام کو معیار زندگی بہتر بنانے میں اہم رول پلے کرے گا کامیاب دورہ پر مسلم لیگ ن مبارک باد پیش کرتی ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی سید جمال شاہ کاظمی نے پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما وایڈووکیٹ فریحہ اللہ خان پاکستان مسلم

## خضدار ڈی سی عبدالرزاق ساسولی کا دورہ دوڑہ کے موقع پر مرکب 1122 اہلکاروں کے ہمراہ گروپ فوٹو

## گہری سازش کے تحت خطے میں غیر آئینی اقدامات کیے جا رہے ہیں، جمعیت

حکومتی ہاتھ پالیسیوں کے نتیجے میں بلوچستان بالخصوص کوئٹہ کے عوام پر ظلم و جبر کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں مولانا خورشید احمد: امن اللہ شس

تاجروں کی دکانوں و گودا موں پر چھاپوں کا سلسلہ بند کیا جائے، مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب، ریشماں گا گرینڈ الائنس کی حمایت کا اعلان

کوئٹہ (این ایس) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کنٹس عاملہ کا اہم اجلاس سینٹر ایم ایم اے صوبہ مولانا عبدالرحمان کے زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عبداللہ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ مسعود احمد، مولوی سعید احمد، سیکرٹری اطلاع حاجی صالح محمد، حاجی قاسم خان، حاجی ملک شاہ اللہ، عبدالصمد، عبدالرحمان، عبدالغفور بھوبان، مستقی محمد، ایوکر، میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ، سالار مولوی علی خان، مولوی سعد اللہ قاسمی، مولانا عبدالرحمان، مولانا عبدالباری، قمبر، مولوی جمال الدین بلوچ، مولانا مشیر احمد، حافظ احمد، حاجی طالع محمد، شمشونی سمیت دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان کی جانب سے گودا موں پر چھاپوں، تاجروں کے معاشی قتل عام اور احتسال کے خلاف، گرینڈ الائنس کے مطالبات کے حق میں شدید احتجاج کیا گیا اور قبضہ

## حکومت کا سرکاری ملازمین پر ظلم نا قابل برداشت ہے، حلیم صادق

38 خواتین پروفیسرز و لیکچررز کی معطلی معاشی قتل کے مترادف ہے

گرینڈ ملازمین الائنس کے جائز مطالبات فوری تسلیم کیے جائیں

کوئٹہ (آن لائن) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ حکومت کے سرکاری ملازمین کے ساتھ ناروا سلوک کی تمام حد یں پار کر چکی ہیں۔ یا نصوص اعلیٰ تعلیمی اداروں سے وابستہ 38 خواتین پروفیسرز اور لیکچررز کی معطلی نہ صرف غیر منصفانہ بلکہ ان کے معاشی قتل کے مترادف ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین استاد کو بلا جواز شفاف انکوائری اور قانونی تقاضے پورے کیے بغیر معطل کرنا آئین، قانون اور انسانی حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے۔ یہ اقدام نہ صرف متاثرہ استاد کو بلکہ ان کے خاندانوں کے لیے

## ملک میں معاشی ترقی خواب بن گئی ہے، سربراہ احمد خان

بارڈر کی بندش کی وجہ سے ملک کو شدید معاشی بحران کا سامنا ہے، افغان قومی موومنٹ

کوئٹہ (این ایس) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان نے کہا ہے کہ بلاشبہ تجارتی بارڈر کی بندش کی وجہ سے ملک کو شدید معاشی بحران کا سامنا ہے اور معاشی ترقی خواب بن گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاک افغان بارڈر ایک ایسا سرحدی علاقہ ہے جہاں ایک ہی قوم کی سینکڑوں پھیلی ہوئی ہے اور ایک پشتون کا دوسرے اپنی رشتہ دار، قبرستان اور رشتہ دار دونوں جانب بارڈر آباد ہیں، جس سے پشتون قوم کے قومی، سماجی، ثقافتی، ثقافتی اور تاریخی رشتے مضبوط ہیں اور انہیں دنیا کی کوئی طاقت جدا نہیں کر سکتی۔ احمد خان نے کہا کہ پشتون اضلاع سے بے روزگاری، زراعت کی تباہی، سخی قحم کے کارخانوں کی عدم موجودگی اور دیگر مسائل کے پیش نظر غریب تاجروں کے لیے بارڈر ذریعہ روزگار کھولی دیا جائے تاکہ لاکھوں غریب عوام کا

## کراچی، ڈیفنس کے فلیٹ سے زنجیروں میں جکڑی خاتون بازیاب

کراچی (یوسف پرنٹ) ایک خاتون کو ڈیفنس فیز فائیو میں ایک فلیٹ سے زنجیروں میں جکڑی ہوئی خاتون کو پولیس نے عافیت میں بازیاب کرا لیا۔ پولیس کے مطابق اطلاع پر بازیاب کرائی گئی خاتون شیریں بتاتی ہیں کہ انہوں نے اپنے شوہر اختر کے خلاف تشدد کی رپورٹ درج کروائی ہے۔ ایک کمرے میں زنجیروں سے باندھ کر رکھا گیا تھا، پولیس کے مطابق، اطلاع ملنے پر پولیس نے ملزم کو گرفتار کر لیا ہے کہ خاتون کو سابق شوہر نے بیٹی کو ملنے کے معاملے پر بات کرنے کے بہانے انہیں بلایا، اور اپنے ساتھ لے گیا، وہ کہتی ہیں کہ انہوں نے بے ہوش کر کے انہیں زنجیروں سے باندھ دیا، جس کے بعد وہ دوبارہ موقع پر فرار ہو گئیں۔ خاتون نے پولیس کو دیے گئے بیان میں بتایا کہ ان کے تین بیٹے ہیں اور شوہر سے علیحدگی کا معاملہ عدالت میں زیر سماعت ہے۔ ان کے مطابق بچوں کی تحویل کا مسئلہ دونوں فریقین نے عدالت سے باہر طے کیا تھا۔

## نوابزادہ میرشاہ دین کی کوششوں سے شاہوانی اقوام میں جنگ بندی

شاہوانی قبیلے کے دو گروہوں کے درمیان 20 جنوری 2026 تک جنگ بندی رہے گی

دشت (این ایس) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور قومی شخصیت نوابزادہ میرشاہ دین خان شاہوانی کی خصوصی کاوشوں اور بروقت مداخلت سے شاہوانی قبیلے کی ذیلی شاخوں کے دو گروہوں کے درمیان جاری کشیدگی کو ختم کر دیا گیا ہے 20 جنوری 2026 تک جنگ بندی کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شاہوانی قبیلے کے دو فریقین، حاجی قادر بخش شاہوانی و ڈیرہ میرشاہ دین خان شاہوانی کے درمیان حالیہ تنازعے کے نتیجے میں دونوں طرف سے 4 افراد

## ثوب میں بجلی بحران سنگین، کم دولیٹیج نے کاروبار اور روزگار مفلوج کر دیا

فوری طور پر دولیٹیج اعلیٰ اور لوڈشیڈنگ میں کمی کی جائے، عبدالجبار ثوب ڈویژنل صدر

